04/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

اسمبلی

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کی کاروائی اس وقت احسن طریقے پر جاری ہے ۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس کے چلتے ارکان نے کئی معاملات اٹھائے ہیں ، جن کے متعلقہ وزیر جواب بھی دے رہے ہیں۔

واضح رہے کہ اسمبلی کے پہلے روز کل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے خطاب کیا، جس دوران انہوں نے کہا کہ مرکز جموں کشمیر کو ریاست کا درجہ واپس دلانے کے لئے وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سرکار کشمیری پنڈتوں کی واپسی یقینی بنانے کے لئے بھی پر عزم ہے ، جس کے لئے ایک مناسب اور محفوظ ماحول قائم کرنے کی خاطر کام کیا جا رہا ہے ۔

منوج سنہا نے کہا کہ سرکار پنچایتی اور بلدیاتی اداروں کو مضبوط کرنے کے لئے کاربند ہے اور ان اداروں کے لئے بر وقت انتخابات عمل میں لائے جائیں گے ۔

نمو ایپ

وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کے عوام پر زور دیا ہے کہ وہ نمو ایپ اوپن فورم پر اپنی زندگی کے تحریک دینے والے سفر کو زیادہ سے زیادہ شیئر کریں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے بتایا کہ نمو ایپ پر شیئر کئے گئے تحریک پذیر سفر سے کچھ خواتین کو اس ماہ کی 8 تاریخ کو خواتین کے عالمی دن کے موقع پر وزیراعظم کے ڈیجیٹل سوشل میڈیا اکاو

---

نٹس کو سنبھالنے کیلئے منتخب کیا جائے گا۔ٔ

جتیندر سنگھ

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہاہے کہ گزشتہ دہائی میں تحقیق اور ترقی کے شعبے میں ملک کے اخراجات دوگنا ہوگئے ہیں۔ اِس طرح یہ بڑھ کر ایک لاکھ 27 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئے ہیں جبکہ سال 2013-14کے دوران یہ 60ہزار کروڑ روپے سے زیادہ تھے۔

نئی دلّی میںایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے جدید طرز کے اختراع اور کاروباری مقاصد کیلئے استعمال کے شعبے میں بھارت کو ایک سرکردہ ملک بنانے کی سرکار کی کثیر سطحی حکمت عملی کو بھی اجاگر کیا۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور کی صدارت میں منعقدہ ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی نے مشن یوتھ کی سکیموں کے تحت 54 معاملات کو اپنی منظوری دے دی ہے ۔ 27 معاملات کو ممکن سکیم // 19 کو تیجسونی اور پہل کے تحت منظوری دی گئی ہے ۔ Entrepreneurship آٹھ کو

اِن اقدامات کے تحت ضلع کے نوجوانوں کو اپنے خود روزگار یونٹ قائم کرنے کے لئے مالی مدد کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے کے قیام میں معاونت کی جاتی ہے ۔

شوپیان

شوپیان ضلع کے مین ٹاون میں آج علی الصبح آگ کی ایک واردات پیش آئی ہے ، جس کے نتیجے میں دو رہائشی مکان اور گیارہ دکانوں کو شدید نقصان پہنچاہے ۔

ہمارے شوپیان کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ مقامی لوگوں کے تعاون سے فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کی بر وقت کاروائی سے دیگر سینکڑوں دکانوں کو نقصان ہونے سے بچایا ۔

3R

فورم کے اجلاس کا آج دوسرا دن ہے ۔ یہ Economy اینڈ سرکیولر Rراجستھان کے جے پور میںبارہویں علاقائی 3 فورم پالیسی سازوں ، صنعت کے قائدین ، محققین اور ترقیاتی شراکت داروں کو // کچرے کو ٹھکانے لگانے کے انتظام اور وسائل کی کارکردگی کے پائیدار حل پر تبادلہ خیال اور پھر عمل در آمد کرنے کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے ۔

فورم کے پہلے روز کل جموں کشمیر یوٹی نے کچرے کو ٹھکانے لگانے کے اختراعی نظام کی نمائش کی ، جس پروسیسنگ یونٹ بھی شامل ہے ۔ Weed میں مشہور جھیل ڈل کا

اس موقعہ پر سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹڈ نے مفاہمت کی ایک یاداشت پر دستخط بھی کئے اور یہ جانکاری دی گئی شہر بنایا جا ئے گا ۔ Landfill کہ 2030 تک سرینگر کو ایک زیرو

کھیلو انڈیا

مشہور سیاحتی مقام گلمرگ نو سے 12 مارچ تک کھیلو انڈیا 2025 کی سرمائی کھیلوں کی میزبانی کے لئے تیار ہے ۔ انتظامیہ نے تازہ برف باری کے بعد وِنٹر گیمز کے دوسرے مرحلے کے لئے ان تاریخوں کا اعلان کیا ہے ۔

دریں اثناءوزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز 2025 کے سلسلے میں ایک ویب سائٹ لانچ کی ۔ اس موقعہ پر سپورٹس کونسل کی سیکریٹری نزہت گُل نے کہا ہے کہ سرمائی کھیلوں میں شرکت کرنے والی ٹیموں کی آمد سات مارچ کو ہو گی ۔ انہوں نے کہا کہ لانچ کی گئی ویب سائٹ پر اِن کھیلوں کے بارے میں ہر وقت جانکاری دستیاب رہے گی ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ پر مسافر گاڑیوں کی دو طرفہ آمد رفت بحال کی گئی ہے ۔ اس سے پہلے ناساز موسمی صورتحال کے تناظر میں شاہراہ کو ٹریفک کیلئے بند کرنا پڑا تھا ۔

ہمارے نمائندے نے ٹریفک حکام کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ ڈرائیوروں سے تاکید کی گئی ہے کہ وہ اووَر ٹیکنگ سے پرہیز کر کے لین نظم و ضبط پر عمل کر یں ۔

مسافروں سے ساتھ ہی یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ ہائی وے پر دن کے وقت ہی سفر کریں اور رام بن سے بانہال کے درمیان غیر ضروری طور پر نا رکیں ۔

ملاقات

کنفڈریشن آف انڈین انڈسٹری کے ایک وفد نے چیرمین ڈاکٹر ایم اے علیم کی قیادت میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔

جموں سانسکرتی سکول کی ایک ٹیم نے بھی لیفٹننٹ گورنر سے ملاقات کر کے اُن سے خاص ضروریات کے متحمل بچوں کے لئے ایک جدید سکول قائم کرنے کے منصوبے پر تبادلہ خیال کیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ